ABBASI AND COMPANY (PRIVATE) LIMITED

TREC Holder: Pakistan Stock Exchange Ltd.
Universal Member: Pakistan Mercantile Exchange Ltd.

Head Office: 6-Shadman, Lahore.
Phone No. 0092-42- 38302028
www.abbasiandcompany.com
E-mail: support@abbasiandcompany.com

# شیئرز کی ٹریڈنگ کا ہدایت نامہ

# فہرست مندرجات


تعارف

شیئرز ٹریڈنگ سروسز

شیئرز میں ٹریڈنگ کا آغاز کیسے کریں

شیئرز میں کم از کم سرمایہ کاری

تحقیق شدہ اعداد و شمار کا تجزیہ

فنڈز جمع کروانا اور نکلوانا

دیگر اہم سہولیات

مارکیٹ کے اوقات

رابطہ

## تعارف

عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹیڈ (ACPL) پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹیڈ کی جانب سے TREC ہولڈر ہے۔ ACPL کا آغاز 1999 میں ہوااور ہمارا شمار ہمیشہ صف اول کے مالی تجارتکاری اداروں میں ہوا ہے۔ ACPL کی ٹیم پیشہ ورافراد پر مشتمل ہے جو اپنے صارفین کو بہترین معیار کی خدمات فراہم کرنے کے لیے جدوجہد کرتے ہیں۔
ہم اپنے صارفین کو بہترین ممکنہ خدمات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ آن لائن شیئرز ٹریڈنگ کے حوالے سے ان کی تربیت بھی کرتے ہیں۔ ہم اپنے صارفین کو تکنیکی اپ ڈیٹس، ٹریڈ کی تصدیق کے پیغام اور ای میل کی ارسالی کے ذریعے بروقت اور مستند معلومات فراہم کرنے میں یقین رکھتے ہیں۔
ہم ٹیکنالوجی کی مدد سے آسان، پرسکون اور جائز آن لائن ٹریڈنگ، ٹریڈنگ آلات کی مختلف اقسام (مارکیٹ کی خبروں کی تشہیر، تعلیمی مواد، تجزیہ کا پورٹل، مارکیٹ اور روزمرہ کا تجزیہ) کو یقینی بناتے ہوئے اپنے صارفین کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔
ہمارا تحقیق شدہ اعداد وشمار کے تجزیہ کا پورٹل کمپنیوں کی پروفائل، ٹیکنیکل ایڈوانس چارٹنگ، اسٹاک سکریز، بنیادی تجزیے، کمپنی کی جانب سے کیے جانے والے اعلانات، مارکیٹ کے نقشے اور شعبہ کے گہرے جائزے پر محیط ہے۔

## ہمارے ساتھ ٹریڈنگ کیوں کی جائے:

# شیئرز ٹریڈنگ سروسز

کمپنی کی مہارت میں خصوصی طور پر تیار کردہ انفرادی / کاروباری پورٹ فولیو مینجمنٹ اور ایکوئٹی ایگزیکیوشن شامل ہیں۔
ہم ہمیشہ حقیقی ٹریڈنگ کی تکنیکوں، سرمایہ کاری کی حکمت عملی اور آرڈر کی مستعد اور رازدار تکمیل کے ذریعے اپنے صارفین کی خدمت میں پیش پیش رہتے ہیں۔ عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹیڈ کی پیشہ وارانہ ٹیم اپنے صارفین کو اعلیٰ معیار کی خدمات دینے کے لیے عمل پیرا ہے جن سے ان کے رسک میں کمی کے ساتھ ساتھ منافع بخش ریٹرنز ممکن ہو سکتے ہیں۔

**اسٹاک ٹریڈنگ**

ہم پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اندراج شدہ تمام کمپنیوں کے شیئرز کی ٹریڈنگ کی پیشکش کرتے ہیں۔

**اسٹاک فیوچرز ٹریڈنگ**

ہم مستقبل کی مارکیٹ میں شیئرز ٹریڈنگ کی سہولت میں فراہم کرتے ہیں۔

**خصوصی طور پر تیار کردہ پورٹ فولیو**

ہم اپنے صارفین کو ان کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ پورٹ فولیو کے لیے ٹریڈر کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

**آن لائن ڈیٹا کے تجزیہ کا پورٹل**

ہم اپنے صارفین کو مارکیٹ کے رجحان کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے آن لائن ڈیٹا کے تجزیہ کا پورٹل بھی فراہم کرتے ہیں۔

# شیئرز میں ٹریڈنگ کیسے شروع کی جائے

آپ صرف مبلغ -/3000 روپے سے شیئرز میں ٹریڈنگ کی شروعات کر سکتے ہیں۔

اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر درخواست شیئرز میں اکاؤنٹ کھولنے کے لیے درکار ہے۔

ہم آپ کو آن لائن ٹریڈنگ ٹرمینل مہیا کریں گے جس کے ذریعے آپ خود سے ٹریڈنگ کر سکتے ہیں۔

ہم اپنے صارفین کو پورٹل کی تربیت کی سہولت بھی فراہم کر رہے ہیں تاکہ وہ بہتر انداز میں سمجھ سکیں۔

ہمارے پیشہ ور ٹریڈرز آپ کو شیئرز کی خرید و فروخت میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔

آپ بذریعہ نقد یا آن لائن فنڈز جمع کروا سکتے ہیں۔

ہمارے صارفین صرف -/3000 روپے سے شیئرز کی ٹریڈنگ شروع کر سکتے ہیں۔

# شیئرز میں کم از کم سرمایہ کاری

شیئرز کی ٹریڈنگ کے لیے لاٹ کے کم از کم سائز درج ذیل ہیں:

1. 1-100 روپے — 500 شیئرز
2. 101-500 روپے — 10 شیئرز
3. 500 روپے سے زائد — 50 شیئرز

اگر شیئر کی قیمت -/1 روپے سے -/100 روپے کے درمیان ہے تو کم از کم 500 شیئرز خریدے جا سکتے ہیں۔
مثال کے طور پر اگر کسی کمپنی کے شیئر کی قیمت -/10 روپے ہے اور آپ 500 شیئرز خریدنا چاہتے ہیں تو 500 شیئرز کے لیے آپ کی کم از کم سرمایہ کاری مبلغ -/5000 روپے ہوگی (10*500)۔

اگر شیئر کی قیمت -/101 روپے سے -/500 روپے کے درمیان ہے تو کم از کم 100 شیئرز خریدے جا سکتے ہیں۔
مثال کے طور پر اگر کسی کمپنی کے شیئر کی قیمت -/150 روپے ہے اور آپ 100 شیئرز خریدنا چاہتے ہیں تو 100 شیئرز کے لیے آپ کی کم از کم سرمایہ کاری مبلغ -/15000 روپے ہوگی (150*500)۔

اگر شیئر کی قیمت -/500 روپے سے زائد ہے تو کم از کم 50 شیئرز خریدے جا سکتے ہیں۔
مثال کے طور پر اگر کسی کمپنی کے شیئر کی قیمت -/550 روپے ہے اور آپ 50 شیئرز خریدنا چاہتے ہیں تو 50 شیئرز کے لیے آپ کی کم از کم سرمایہ کاری مبلغ -/27500 روپے ہوگی (50*550)۔

# تحقیق شدہ اعداد و شمار کا تجزیہ

ہم ڈیٹا اینالیٹکل پورٹل فراہم کرتے ہیں جس میں شامل ہیں

کمپنی پروفائل

بنیادی تجزیہ

مارکیٹ کا نقشہ

شعبے کے جائزہ

کمپنی کے اعلانات

اسٹاک سکریز

ٹیکنکل ایڈوانس چارٹنگ

# فنڈز جمع کروانا اور نکلوانا

**فنڈز جمع کروانے کا طریقہ**

i۔ جمع کروانے والی رقم نقد کی صورت میں نہیں ہو سکتی

ii۔ آپ "عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ" کے نام کا چیک یا ڈیمانڈ ڈرافٹ جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ آن لائن بینکنگ سسٹم استعمال کرتے ہوئے بھی ہمارے کمپنی کے درج ذیل بنک اکاؤنٹ میں فنڈز جمع کروا سکتے ہیں۔

کمپنی کے بنک کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

بنک الحبیب لمیٹڈ

LSE برانچ

اکاؤنٹ نمبر 3 01 000050 0081 0031

IBAN # PK04 BAHL 0031-0081-0000-5001

**فنڈز نکلوانے کا طریقہ کار**

اپنے ٹریڈنگ اکاؤنٹ سے فنڈز نکلوانے کے لیے آپ کو ایک دن قبل درخواست کرنا ہوگی۔ آپ اکاؤنٹ ڈیپارٹمنٹ سے اپنا چیک حاصل کر سکتے ہیں یا ہم براہ راست آپ کی ہدایت کے مطابق آپ کے بنک اکاؤنٹ میں چیک جمع کروا سکتے ہیں۔

نکلوائی جانے والی رقم نقد کی صورت میں نہیں ہو سکتی۔

# دیگر اہم سہولیات

**آف مارکیٹ آرڈر دینا**

آف مارکیٹ آرڈر آپ کو آف مارکیٹ اوقات میں اسٹاک کی خرید و فروخت کے آرڈر دینے کے قابل بناتا ہے۔

**میسجز**

ہم آپ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں ہونے والی لین دین کی اطلاع کے لیے ایس ایم ایس الرٹ سروس فراہم کرتے ہیں۔

**ٹریڈ کی تصدیق کا ایس ایم ایس**

ہم ہر لین دین میں اپنے اکاؤنٹس کو ٹریڈ کی تصدیق کا ایس ایم ایس ارسال کرتے ہیں۔

**فنڈز جمع کروانے اور نکلوانے کا ایس ایم ایس**

ہم اپنے صارفین کو فنڈز جمع کروانے اور نکلوانے کے ایس ایم ایس بھی ارسال کرتے ہیں۔

**مارکیٹ کے اوقات**

پیر یا جمعرات صبح 9:15 تا دوپہر 3:30

بروز جمعہ ٹریڈنگ کے دو سیشنز ہوتے ہیں:

پہلا سیشن: صبح 9:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک

دوسرا سیشن: دوپہر 2:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک

ہم آپ کے ساتھ باہمی فائدے پر مبنی دیرپا کاروباری تعلق استوار کرنے کے منتظر ہیں۔ مزید براں اگر آپ کو ٹریڈنگ کے حوالے سے کوئی معاونت درکار ہو تو بلا جھجک ہم سے رابطہ کریں۔

## رابطہ


**عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ**

ہیڈ آفس:6 شادمان لاہور پاکستان (نزد چائنہ چوک)

دی مال برانچ:42 شاہراہِ قائداعظم لاہور پاکستان

فون نمبرز:042-38302028, Ext 171/172

ایس ایم ایس سپورٹ نمبر:0309-4447430

ویب سائٹ:www.abbasiandcompany.com

فیس بک:https://www.facebook.com/AbbasiAndCo/

Support@abbasiandcompany.com


## تعاون

کسی قسم کے مشورے یا شکایات کے لیے ہمیں ای میل

کریں: support@abbasiandcompany.com

## انتباہ


یہ دستاویز انتہائی احتیاط اور ذمہ داری کے ساتھ تیار کیا گیا ہے جس کا مقصد محض معلومات ہے اور اس کے مستند ہونے، مکمل ہونے یا ٹریڈنگ کے نتائج پر اثر انداز ہونے پر عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ کی کوئی ضمانت نہ ہے نہ ہی اسے ٹریڈنگ کے حوالے سے مشورہ تصور کیا جا سکتا ہے۔ مزید یہ کہ عباسی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ، اس کے ڈائریکٹرز اور ملازمین اس دستاویز کے مندرجات کے باعث بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی قسم کے واقعاتی، حادثاتی یا دیگر نقصانات کی ذمہ داری قبول نہیں کرتے ہیں۔